# امتحانی پرچے کا نمونہ

| | |
|---|---|
| پرچہ : اردو | کُل نمبر : ۱۰۰ |
| جماعت : پنجم | وقت : ۳ گھنٹے |

**سوال نمبر ۱ :**

**(الف) درست الفاظ کی مدد سے خالی جگہیں پُر کیجیے۔** (۰۵)

۱۔ درہ خیبر صوبہ ________ میں واقع ہے۔ (خیبر پختون خوا، بلوچستان)

۲۔ ________ شہر کو داتا کی نگری بھی کہتے ہیں۔ (کراچی، لاہور)

۳۔ رمضان کے بعد ________ تشریف لاتی ہے۔ (عید الضحیٰ، عید الفطر)

۴۔ قومی ترانے کے شاعر ________ ہیں۔ (حفیظ جالندھری، علامہ اقبال رَحمۃُ اللہِ عَلَیہ)

۵۔ آن لائن خریداری کی وجہ سے انسانی زندگی ________ ہو گئی ہے۔ (مشکل، آسان)

**(ب) کالم الف کو کالم ب سے ملا کر شعر مکمل کیجیے۔** (۰۵)

| کالم الف | | | کالم ب |
|---|---|---|---|
| بہاروں کا مسکن ہماری زمیں | • | • | کہ جنگل کا جنگل ہرا ہو گیا |
| بے نمازی جہنّم کا حق دار ہے | • | • | بہاروں کو اس کی نکھاریں گے ہم |
| یہ دو دن میں کیا ماجرا ہو گیا | • | • | امنگوں کا گلشن ہماری زمیں |
| بہت اس زمیں کو سنواریں گے ہم | • | • | کسانوں کی محنت ٹھکانے لگی |
| زمیں سبزے سے لہلہانے لگی | • | • | یاد رکھو! کبھی چھوڑنا مت نماز |

**(ج) صحیح جملوں کے آگے (✓) اور غلط جملوں کے آگے (✗) کا نشان لگائیے۔** (۰۵)

۱۔ رقبے کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ پنجاب ہے۔ ☐

۲۔ پاکستان ایک اسلامی ملک ہے۔ ☐

۳۔ تمام عبادتوں میں افضل عبادت روزہ ہے۔ ☐

۴۔ قومی ترانے میں تین بند ہیں۔ ☐

۵۔ پاکستان میں زیادہ تر تعلیم یافتہ افراد ملازمت کرتے ہیں۔ ☐

**سوال نمبر ۲ : مندرجہ ذیل میں سے پانچ سوالات کے جوابات لکھیے۔** (۲۰)

۱۔ پیشے سے کیا مراد ہے؟

۲۔ پاکستان میں موجود چند پہاڑی سلسلوں کے نام لکھیے۔

۳۔ رسم و رواج ہماری زندگی پر کس طرح اثر انداز ہوتے ہیں؟

۴۔ نماز پڑھنے کے کیا فائدے حاصل ہوتے ہیں؟

۵۔ پاکستان کا قومی ترانہ پہلی بار کب نشر ہوا؟

۶۔ ہمارے وطن کا ہم پر کیا حق ہے؟

۷۔ جنگِ احد میں آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّم کے ساتھ کیا معاملہ ہوا؟

**سوال نمبر ۳ :**

**(الف) دیے گئے الفاظ کا درست املا لکھیے۔** (۰۵)

مشطمل　　موسم بحار　　بے ہساب　　ساف　　خشیار

**(ب) مندرجہ ذیل الفاظ کے معانی لکھیے۔** (۰۵)

سلطنت　　اخوّت　　بلندی　　اُجالا　　ذہین

**(ج) دیے گئے الفاظ کے مطابق چار چار گروہی الفاظ لکھیے۔** (۰۶)

برسات　　ہسپتال　　ریلوے اسٹیشن

**(د) "اکیاون" سے "ستر" تک لفظی گنتی لکھیے۔** (۰۴)

**سوال نمبر ۴:**

**(الف) دیے گئے واحد الفاظ کی جمع اور جمع الفاظ کی واحد لکھیے۔** (۰۵)

وسائل　منظر　بہاریں　چوٹی　جھنڈیاں　جھیل　پڑوسیوں　عالم　ہوائیں　عزیز

**(ب) مندرجہ ذیل جملوں میں سے 'فعل'، 'فاعل' اور 'مفعول' الگ کیجیے۔** (۰۵)

| جُملے | فعل | فاعل | مفعول |
|---|---|---|---|
| ۱۔ سلمیٰ کپڑے دھو رہی ہے۔ | | | |
| ۲۔ سلیم خط لکھ رہا ہے۔ | | | |
| ۳۔ امّی کھانا پکا رہی ہے۔ | | | |
| ۴۔ ابّو دفتر سے واپس آ گئے ہیں۔ | | | |
| ۵۔ قاری صاحب قرآن پڑھائیں گے۔ | | | |

**(ج) دیے گئے الفاظ کے ہم قافیہ بنائیے۔** (۰۳)

نظارے　　ساری　　کرتے　　جاگی　　سما　　صداقت

**(د) دیے گئے حروف کی مدد سے جُملے مکمل کیجیے۔** (۰۲)

| | | | |
|---|---|---|---|
| ارے بھائی! | سبحان اللہ! | واہ! | افسوس! |

۱۔ ________ کتنا پیارا موسم ہے۔　　۲۔ ________ میں وقت پر حاضر نہ ہو سکا۔

۳۔ ________ آپ نے تو کمال کر دیا۔　　۴۔ ________ ذرا میری بات تو سُنیے۔

**سوال نمبر ۵ :**

**(الف) دیے گئے جُملوں میں ختمہ، سکتہ، سوالیہ اور واوین کا استعمال کر کے جملے دوبارہ لکھیے۔** (۰۲)

۱۔ اسد نے کہا: بھائی جان کی طبیعت ٹھیک نہیں ہے　　۲۔ وزیر اعظم کل پڑوسی ملک کے دورے پر روانہ ہوں گے

۳۔ انور خالد اور محمود تینوں اچھّے دوست ہیں　　۴۔ استاد صاحب نے پوچھا: احمد آج اسکول کیوں نہیں آیا

**(ب) مذکر مؤنث کا خیال رکھتے ہوئے جملے درست کر کے لکھیے۔** (۰۲)

۱۔ یہ اسلم کا کتاب ہے۔ ۲۔ میرے سر میں درد ہو رہی ہے۔

۳۔ کیا تم نے اخبار پڑھ لی ہے ۴۔ آج کل چاندی مہنگا ہو گیا ہے

**(ج) دیے گئے الفاظ میں سے اسم آلہ، اسم صوت اور اسم صفت الگ الگ کیجیے۔** (۰۶)

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| زرخیز | ہتھوڑا | کائیں کائیں | بندوق | چھڑی | میاؤں |
| خوب صورت | چوں چوں | روشن | آری | کُو کُو | اندھیرا |

**سوال نمبر۶ : املا لکھیے۔** (۰۵)

**سوال نمبر۷ : اپنے دوست کو خط لکھیے جس میں اُسے اپنے بھائی کی شادی میں آنے کی دعوت دیجیے۔** (۰۵)

# حصہ زبانی

**سوال نمبر۸ :**

**(الف) مندرجہ ذیل عبارت کو درست تلفظ اور روانی کے ساتھ پڑھیے۔** (۰۵)

ہمارا ملک پاکستان ایک زرعی ملک ہے۔ زراعت اور انسان کا بہت پرانا ساتھ ہے بلکہ اگر یہ کہا جائے تو غلط نہ ہو گا کہ جب سے انسان نے دنیا میں قدم رکھا، زراعت کا کام شروع ہو گیا اور جب تک یہ دنیا باقی رہے گی، زراعت کی اہمیت باقی رہے گی۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ انسان کو زندہ رہنے کے لیے ہوا، پانی کے علاوہ غذا کی ضرورت ہوتی ہے۔ یہ زراعت کا شعبہ ہی تو ہے جو انسان کو خوراک کے طور پر مختلف پھل، سبزیاں اور اناج وغیرہ فراہم کرتا ہے۔

**(ب) اپنی کتاب کی نظم " برسات " کے دو اشعار سنائیے۔** (۰۵)